سورۃ الاعلیٰ (87)

(مکی — کل آیات 19)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سَبِّحِ اسۡمَ رَبِّکَ الۡاَعۡلَی (1)

اپنے رب کے نام کی تسبیح کیا کر جو سب سے اعلیٰ ہے۔

الَّذِیۡ خَلَقَ فَسَوّٰی (2)

وہ جس نے پیدا کیا پھر ٹھیک بنایا۔

وَ الَّذِیۡ قَدَّرَ فَہَدٰی (3)

اور جس نے (ہر چیز کا) تخمینہ ٹھہرایا پھر راہ دکھائی۔

وَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الۡمَرۡعٰی (4)

اور وہ جس نے چارہ نکالا۔

فَجَعَلَہٗ غُثَآءً اَحۡوٰی (5)

پھر اس کو خشک سیاہ چورا (کچرا) کر دیا۔

سَنُقۡرِئُکَ فَلَا تَنۡسٰۤی (6)

البتہ ہم آپ کو پڑھائیں گے پھر آپ نہ بھولیں گے۔

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ ؕ اِنَّہٗ یَعۡلَمُ الۡجَہۡرَ وَ مَا یَخۡفٰی (7)

مگر جو اللہ چاہے، بے شک وہ ہر ظاہر اور چھپی بات کو جانتا ہے۔

وَ نُیَسِّرُکَ لِلۡیُسۡرٰی (8)

اور ہم آپ کو آسان شریعت کے سمجھنے کی توفیق دیں گے۔

فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى (9)

پس آپ نصیحت کیجیے اگر نصیحت فائدہ دے۔

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى (10)

جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ جلدی سمجھ جائے گا۔

وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى (11)

اور بڑا بد نصیب (ہے جو) اس سے الگ رہے گا۔

اَلَّذِىْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى (12)

جو سخت آگ میں داخل ہو گا۔

ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى (13)

پھر اس میں نہ تو مرے گا اور نہ جیے گا۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى (14)

بے شک وہ کامیاب ہوا جو پاک ہو گیا۔

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى (15)

اور اپنے رب کا نام یاد کیا پھر نماز پڑھی۔

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (16)

بلکہ تم تو دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى (17)

حالانکہ آخرت بہتر اور زیادہ پائیدار ہے۔

اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى (18)

بے شک یہی پہلے صحیفوں میں ہے۔

صُحُفِ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى (19)

(یعنی) ابراھیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔